Test Booklet No.
परीक्षा पुस्तिका संख्या

305846

This booklet contains 20 pages.
इस पुस्तिका में 20 पृष्ठ हैं ।

# JBC – 12A

**PAPER II / प्रश्न-पत्र II**
**PART IV & V / भाग IV & V**
**Urdu Language Supplement**
**उर्दू भाषा परिशिष्ट**

Test Booklet Code
परीक्षा पुस्तिका संकेत

**X**

**Do not open this Test Booklet until you are asked to do so.**
**इस परीक्षा पुस्तिका को तब तक न खोलें जब तक कहा न जाए ।**
**Read carefully the Instructions on the Back Cover (Page 19 & 20) of this Test Booklet.**
**इस परीक्षा पुस्तिका के पिछले आवरण (पृष्ठ 19 व 20) पर दिए निर्देशों को ध्यान से पढ़ें ।**

**For instructions in Urdu see Page 2 of this booklet. / उर्दू में निर्देशों के लिए इस पुस्तिका का पृष्ठ 2 देखें ।**

## *INSTRUCTIONS FOR CANDIDATES*

1. This booklet is a supplement to the Main Test Booklet for those candidates who wish to answer **EITHER** Part IV (Language I) **OR** Part V (Language II) in **URDU** language, but **NOT BOTH**.
2. Candidates are required to answer Part I and Part II **OR** III from the Main Test Booklet and Parts IV and V from the languages chosen by them.
3. Questions on English and Hindi languages for Part IV and Part V have been given in the Main Test Booklet. Language Supplements can be asked for separately.
4. Use **Blue / Black Ball Point Pen only** for writing particulars on this page / marking responses in the Answer Sheet.
5. The CODE for this Language Booklet is **X**. Make sure that the CODE printed on **Side-2** of the Answer Sheet and on your Main Test Booklet is the same as that on this Language Supplement Booklet. In case of discrepancy, the candidate should immediately report the matter to the Invigilator for replacement of the Language Supplement Test Booklet.
6. This Test Booklet has **two** Parts, IV and V, consisting of **60** Objective Type Questions, each carrying 1 mark :
   Part IV : Language I – (Urdu) *(Q. 91 to Q. 120)*
   Part V : Language II – (Urdu) *(Q. 121 to Q. 150)*
7. Part IV contains 30 questions for Language I and Part V contains 30 questions for Language II. In this Test Booklet, only questions pertaining to Urdu language have been given. **In case the language/s you have opted for as your Language I and/or Language II is a language other than Urdu, please ask for a Test Booklet that contains questions on that language. The languages being answered must tally with the languages opted for in your Application Form.**
8. **Candidates are required to attempt questions in Part V (Language II) in a language other than the one chosen as Language I (in Part IV) from the list of languages.**
9. Rough work should be done only in the space provided in the Test Booklet for the same.
10. The answers are to be recorded on the OMR Answer Sheet only. Mark your responses carefully. No whitener is allowed for changing answers.

## परीक्षार्थियों के लिए निर्देश

1. यह पुस्तिका मुख्य परीक्षा पुस्तिका की एक परिशिष्ट है, उन परीक्षार्थियों के लिए जो **या** तो भाग IV (भाषा I) **या** भाग V (भाषा II) **उर्दू** भाषा में देना चाहते हैं, लेकिन दोनों नहीं ।
2. परीक्षार्थी भाग I एवं भाग II **या** III के उत्तर मुख्य परीक्षा पुस्तिका से दें और भाग IV व V के उत्तर उनके द्वारा चुनी भाषाओं से ।
3. अंग्रेज़ी व हिन्दी भाषा पर प्रश्न मुख्य परीक्षा पुस्तिका में भाग IV व भाग V के अन्तर्गत दिए गए हैं । भाषा परिशिष्टों को आप अलग से माँग सकते हैं ।
4. इस पृष्ठ पर विवरण अंकित करने एवं उत्तर पत्र पर निशान लगाने के लिए **केवल नीले/काले बॉल पॉइंट पेन** का प्रयोग करें ।
5. इस भाषा पुस्तिका का **संकेत** है **X**. यह सुनिश्चित कर लें कि इस भाषा परिशिष्ट पुस्तिका का संकेत, उत्तर पत्र के **पृष्ठ-2** एवं मुख्य प्रश्न पुस्तिका पर छपे संकेत से मिलता है । अगर यह भिन्न हो तो परीक्षार्थी दूसरी भाषा परिशिष्ट परीक्षा पुस्तिका लेने के लिए निरीक्षक को तुरन्त अवगत कराएँ ।
6. इस परीक्षा पुस्तिका में **दो** भाग IV और V हैं, जिनमें **60** वस्तुनिष्ठ प्रश्न हैं, जो प्रत्येक 1 अंक का है :
   भाग IV : भाषा I — (उर्दू) *(प्र. 91 से प्र. 120)*
   भाग V : भाषा II — (उर्दू) *(प्र. 121 से प्र. 150)*
7. भाग IV में भाषा I के लिए 30 प्रश्न और भाग V में भाषा II के लिए 30 प्रश्न दिए गए हैं । इस परीक्षा पुस्तिका में केवल उर्दू भाषा से संबंधित प्रश्न दिए गए हैं । **यदि भाषा I और/या भाषा II में आपके द्वारा चुनी गई भाषा(एँ) उर्दू के अलावा है तो कृपया उस भाषा वाली परीक्षा पुस्तिका माँग लीजिए । जिन भाषाओं के प्रश्नों के उत्तर आप दे रहे हैं वह आवेदन पत्र में चुनी गई भाषाओं से अवश्य मेल खानी चाहिएँ ।**
8. **परीक्षार्थी भाग V (भाषा II) के लिए, भाषा सूची से ऐसी भाषा चुनें जो उनके द्वारा भाषा I (भाग IV) में चुनी गई भाषा से भिन्न हो ।**
9. रफ कार्य परीक्षा पुस्तिका में इस प्रयोजन के लिए दी गई खाली जगह पर ही करें ।
10. सभी उत्तर केवल OMR उत्तर पत्र पर ही अंकित करें । अपने उत्तर ध्यानपूर्वक अंकित करें । उत्तर बदलने हेतु श्वेत रंजक का प्रयोग निषिद्ध है ।

Name of the Candidate (in Capitals) : ____________________
परीक्षार्थी का नाम (बड़े अक्षरों में ) :
Roll Number (अनुक्रमांक) : in figures (अंकों में) ____________________
: in words (शब्दों में) ____________________
Centre of Examination (in Capitals) : ____________________
परीक्षा केन्द्र (बड़े अक्षरों में ) :
Candidate's Signature : ____________________ Invigilator's Signature : ____________________
परीक्षार्थी के हस्ताक्षर : निरीक्षक के हस्ताक्षर :
Facsimile signature stamp of Centre Superintendent ____________________

SEAL

# JBC – 12A

## پرچہ – II

### حصہ IV، V

### ضمیمہ اُردو زبان

اس کتابچہ میں 20 صفحات ہیں

امتحان سوال نامہ کوڈ

**X**

اس سوال نامے کو اُس وقت تک نہ کھولیں جب تک کہا نہ جائے۔
سوال نامے کی پشت 20، 19 پر دی گئی ہدایات کو غور سے پڑھیں۔

امیدواروں کے لئے ہدایات :

1. یہ کتابچہ ان امیدواروں کے لئے بنیادی سوال نامے کا ضمیمہ ہے جو اُردو زبان کے حصہ IV (زبان I) یا حصہ V (زبان II) میں جواب دینا چاہتے ہیں۔ مگر دونوں میں نہیں۔
2. امیدواروں کو بنیادی سوال نامے کے حصہ I اور حصہ II یا حصہ III کے جواب بنیادی سوال نامے دیں اور حصہ IV و V کے جواب ان زبانوں میں لکھے ہوں گے جن کا انھوں نے انتخاب کیا ہے۔
3. حصہ IV اور V میں ہندی اور انگریزی زبانوں کے سوالات بنیادی سوال نامے میں دیئے گئے ہیں۔ زبان کے ضمیمے کو الگ سے مانگا جاسکتا ہے۔
4. اس صفحے پر جواب لکھنے / کوائف لکھنے کے لئے صرف نیلے / کالے بال پین کا ہی استعمال کریں۔
5. اس سوال نامے کا کوڈ X ہے۔ جواب نامے کے دوسری جانب دیا گیا کوڈ اور آپ کے بنیادی سوال نامے کا کوڈ ایک ہی ہونا چاہیئے، جیسا زبان کے ضمیمے پر ہے۔ اگر اس میں کہیں کوئی فرق ہے تو اُمیدوار کو فوراً نگراں کو اطلاع دے کر اس سے زبان کے سوال نامے کا دوسرا ضمیمہ طلب کرنا ہوگا۔
6. اس سوال نامے کے دو حصے ہیں، IV اور V جو 60 معروضی سوالات پر مشتمل ہیں ہر سوال کا ایک نمبر (1) ہے۔
   حصہ IV زبان I اُردو (سوال نمبر 91 تا 120)
   حصہ V زبان II اُردو (سوال نمبر 121 تا 150)
7. حصہ IV زبان I کے 30 سوال اور حصہ V۔ زبان II کے 30 سوال ہیں۔ اس سوال نامے میں صرف اُردو زبان کے سوالات ہیں۔ اگر آپ نے اس زبان / زبانوں کو زبان I اور / یا زبان II کی حیثیت سے انتخاب کیا ہے جو اُردو زبان نہیں ہے تو اسی زبان کا سوال نامہ طلب کیجئے۔ آپ کے جواب اسی زبان میں ہونے چاہئیں جسے آپ نے اپنی درخواست میں انتخاب کیا ہے۔
8. امیدواروں نے زبان I (حصہ IV) کی حیثیت سے جس زبان کا انتخاب کیا ہے حصہ V (زبان II) کے جواب انھیں اسکے علاوہ فہرستِ زبان میں سے دی گئی زبانوں میں سے کسی میں دینے ہوں گے۔
9. امیدوار کو کچا کام امتحان کے سوال نامے میں دی گئی خالی جگہ میں ہی کرنا ہوگا۔
10. جوابات کا اندراج صرف OMR جواب نامے پر ہی کرنا ہوگا۔ جوابی نشانات احتیاط سے لگائیں۔ سفیدے کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔

امیدوار کا نام : (جلی حروف میں) ____________________

رول نمبر : اعداد میں ____________________

: الفاظ میں ____________________

امتحان کا مرکز : (جلی حروف میں) ____________________

امیدوار کے دستخط : ____________________ نگراں کے دستخط ____________________

سینٹر سپرنٹنڈنٹ کے دستخط کی مہر ____________________

اُمیّدوار مندرجہ ذیل حصّے کے سوالوں کے جواب
صرف تب ہی دیں اگر اُنہوں نے
زبان - I
کا اوپشن اُردو چنا ہو

→

# حصّہ - IV

## زبان - I

## اُردو

ھدایات :- درج ذیل سوالوں کے جواب کے لئے صحیح متبادل کا انتخاب کیجئے ۔

91. اداکار کا اسم جمع ہے - ایک
(1) ٹولی
(2) کالونی
(3) کسی ڈرامے یا فلم میں کام کرنے والے اداکار
(4) کالج کا عملہ

92. آپ نے پوچھا ہمارا مقصد کیا ہے ؟ میں ایک لفظ میں جواب دے سکتا ہوں
جیت : یہ ایک ــــ سوال ہے
(1) وضاحتی
(2) مبالغہ آمیز
(3) بناوٹی
(4) فوری

93. آپ ریل میں سفر کر رہے ہیں آپ کے ساتھ دوسرے مسافر کی سیٹ کھڑکی کے پاس ہے ۔ اور آپ اس کو بند کرنا چاہتے ہیں ۔ آپ اس سے کھڑکی بند کرنے کی گذارش کیسے کریں گے ؟
(1) برائے مہربانی کھڑکی بند کر دو
(2) کیا آپ کھڑکی بند کر سکتے ہیں
(3) کیا آپ کے لئے ممکن ہے کہ آپ کھڑکی بند کر دیں
(4) کھڑکی بند کر دو

94. ٹیچر اور طالب علم کے درمیان مکالمے ہیں :

| | |
|---|---|
| ٹیچر : | کیا تم اس کے بجائے کہانی کی کتاب پڑھنا پسند کرو گے ؟ |
| طالب علم : | جی ہاں |
| ٹیچر : | ہاں ، ضرور ۔ ( مہربانی سے ہاں ) |

(1) زبان کی کوئی دوسری متبادل سرگرمی پیش کرتا ہے
(2) زبان کی نرمی کو پیش کرتا ہے ۔
(3) پڑھنا شروع کرنے کے لئے ایک اچھا مشورہ دیتا ہے ۔
(4) طالب علموں کی گذارش کی پورا کرتا ہے

95. فعل مجہول کہتے ہیں ؟
(1) جس میں کام کرنے سے روکنے کا حکم ہو
(2) جس کا فاعل معلوم ہو
(3) جس میں کام کرنے کا حکم ہو
(4) جس کا فاعل معلوم نہ ہو

96. لفظ " ماہِ کامل " کے معنی ہیں ۔
(1) مکمل چاند ( چودھویں رات کا چاند )
(2) عید کا چاند
(3) آدھا چاند
(4) چاند

97. ڈاکیہ نے صبح ۱۱ بجے ڈاک پہنچائی

ڈاک صبح ۱۱ بجے ڈاکیہ کے ذریعے پہنچائی گئی

دونوں جملے طلباء کو اس کے فرق کی طرف متوجہ کرتے ہیں۔

(۱) لفظوں کو مختلف طریقے سے پیش کرنا

(2) دونوں جملوں میں فاعل اور مفعول کے رول کو پیش کیا ہے۔

(3) فعل کی شکل میں تبدیلی

(4) دونوں جملے براہِ راست ہیں

98. دیئے گئے مصرعوں میں سے درج ذیل شعر مکمل کیجئے۔

؎ نازکی اس کے لب کی کیا کہیئے

(۱) حالت اب اضطراب کی سی ہے

(2) پنکھڑی ایک گلاب کی سی ہے

(3) ہستی اپنی حباب کی سی ہے

(4) یہ نمائش سراب کی سی ہے

99. زبان کو سیکھنے اور اس کی جانچ کرنے کے لئے "پورٹ فولیو" کہا جاتا ہے

(۱) ہر ٹرم کے زبانی ٹیسٹ کو

(2) زبان کو سیکھنے والے طلبا کا اکٹھا کام جو ان کی ترقی کو پیش کرتا ہے، کو

(3) ایک ٹرم میں ٹیچر طلبا کے برتاؤ اور رویہ کا جو ریکارڈ رکھتا ہے اس کو

(4) ہفتہ وار، قلم اور کاغذ پر ٹیسٹ کو

۱۰۰. مطالعہ کرتے وقت ________ کا مطلب ہے

(۱) مشکل معمہ حل کرنا

(2) تجزیہ کرنا اور سمجھنا

(3) غیر ملکی زبان کو سمجھنا

(4) آئی۔ سی۔ ٹی کا استعمال کرنا

۱۰۱. پہلا بولنے والا : کیا تمہاری ماں آچکی ہیں ؟

دوسرا بولنے والا : جی

سننے کی مہارتوں کی جانچ کرتے وقت کیا ان کی اس گفتگو کے دوران کسی کے نمبر کم کئے جائیں گے۔

(۱) پہلے بولنے والے کے

(2) دوسرے بولنے والے کے

(3) دونوں کے

(4) کسی کے نہیں

۱02. وہ مختصر نام جو شاعر اپنے لئے خود اختیار کرتا اور اپنی شاعری میں استعمال کرتا ہے۔ اسے کہتے ہیں

(۱) تخلص

(2) کنیت

(3) خطاب

(4) لقب

103. اگر تحریر کا کوئی حصہ جو مکمل اور جامع ہونے کے ساتھ ساتھ بغیر کسی جذباتیت سے بھرپور اور استدلال سے پُر ہو وہ کہلاتا ہے

(1) میمورنڈم
(2) رپورٹ
(3) اخبار کا مضمون
(4) اشتہار

104. سورج گرہن کب ہے ؟ یہ سوال ہے

(1) زمانہ حال کا
(2) زمانہ مستقبل کا
(3) زمانہ موجودہ مسلسل کا
(4) زمانہ ماضی کا

105. قومی درسیات کا خاکہ 2005 (این سی ایف 2005) کی سفارشات [3.1.4] کیا اسکول کو الگ الگ حالت میں پڑھنے لکھنے پر خصوصی طور پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

(1) مادری زبان
(2) ہندی
(3) دوسری غیر ملکی زبانوں پر
(4) اردو

ھدایات :۔ درج ذیل اقتباس کا مطالعہ کیجئے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب کے لئے (سوال نمبر 106 سے 114) صحیح متبادل کا انتخاب کیجئے۔

" ہمارا ملک بہت بڑا ہے قدرت نے اس کو پھل پھول غلے اناج اور میووں کا دولت عطا کرنے میں بڑی فیاضی سے کام لیا ہے چنانچہ یہ اپنی دھن دولت، قیمتی چیزوں، ریشمی کپڑوں اور مسالوں کے لئے ہمیشہ سے دنیا بھر میں مشہور تھا۔ لوگ اس کو سونے کی چڑیا کہتے تھے غیر ملکی یہاں تجارت کرنے آتے اور روپیہ پیسے سے اپنی جھولیاں بھر کر اپنے ملک واپس ہوتے تھے۔

انگریزوں نے ہندوستان سے تجارت کرنے والی کمپنی بنائی تھی اس کا نام ایسٹ انڈیا کمپنی تھا۔ انگریزوں نے اقتدار کے نشے میں یہاں کے لوگوں کو ستانا شروع کر دیا۔ ملک کی صنعت و حرفت کو نقصان پہنچایا اور یہاں کی تہذیب و تمدن کو نیست و نابود کر دیا۔ یہ بات ہمارے بزرگوں کو بہت بری لگی۔ چنانچہ سب سے پہلے " لوک مانیہ بال گنگادھر تلک" نے " سوراج ہمارا پیدائشی حق ہے" کا نعرہ دیا۔

اسی زمانے میں مولانا ابوالکلام آزاد نے کلکتہ سے 1911ء میں ہفتہ وار اخبار 'الہلال' نکالا۔ مولانا محمد علی اپنے بھائی شوکت علی کے ساتھ آزادی کی اس تحریک میں شریک ہو گئے اور ہندو مسلم اتحاد پر سب سے زیادہ زور دیا۔ مشہور شاعر حسرت موہانی بھی ان سب کے ساتھ تھے۔ انہوں نے کانگریس کے اجلاس میں مکمل آزادی کی تجویز پیش کی۔

1914ء میں جب پہلی جنگِ عظیم شروع ہوئی تو ہندوستان کی تحریک آزادی میں نیا جوش پیدا ہوا۔ مولانا محمود الحسن نے 1915ء میں ایک تحریک شروع کی جو 'ریشمی رومال' کی تحریک کہلاتی ہے۔ اس کا مقصد ایشیائی ملکوں کی مدد سے انگریزی حکومت کا تختہ الٹنا تھا۔ لیکن راز کھل گیا اور انگریزوں نے مولانا کو گرفتار کر کے "مالٹا" میں قید کر دیا ان کے ساتھی جن میں مولانا حسین احمد مدنی بھی شامل تھے۔ انکے ساتھ مالٹا ہی میں قید کر دیئے گئے۔"

106. ہندوستان دنیا میں مشہور تھا ؟

(1) قیمتی کپڑوں اور مال و دولت کے لئے

(2) سونے چاندی کے زیورات اور کپڑوں کے لئے

(3) دھن دولت، قیمتی چیزوں، ریشمی کپڑوں اور مسالوں کے لئے۔

(4) زمین کی زرخیزی کے لئے

107. ہندوستان کو سونے کی چڑیا کہا جاتا تھا ؟

(1) زراعتی ملک ہونے کی وجہ سے

(2) تعلیم اور فلسفے کی وجہ سے

(3) دھن دولت اور قدرتی اشیا کی فراوانی کی وجہ سے

(4) قدیم تہذیب کی وجہ سے

108. انگریزوں کی تجارتی کمپنی کا نام تھا ؟

(1) ویسٹ انڈیا کمپنی

(2) انگلش انڈیا کمپنی

(3) ایسٹ انڈیا کمپنی

(4) انگلینڈ انڈیا کمپنی

109. سوراج ہمارا پیدائشی حق ہے یہ نعرہ کس نے دیا ؟

(1) لوک مانیہ بال گنگا دھر تلک

(2) لالہ لاجپت رائے

(3) سبھاش چندر بوس

(4) سوامی وویکانند

110. اخبار "الہلال" کے بانی کون تھے ؟

(1) حسرت موہانی

(2) مولانا ابوالکلام آزاد

(3) ظفر علی خاں

(4) سرسید

111. علی برادران کن کو کہا جاتا ہے ؟
(1) ابوالکلام آزاد اور دیا نرائن نگم
(2) مولانا محمد علی اور شوکت علی
(3) مولانا الطاف حسین حالی اور سرسید احمد خاں
(4) شوکت علی اور حسرت موہانی

112. مکمل آزادی کی تجویز کس نے پیش کی ؟
(1) مولانا حسرت موہانی
(2) مختار احمد انصاری
(3) مولانا ابوالکلام آزاد
(4) پنڈت جواہر لال نہرو

113. ریشمی رومال کی تحریک کس سے منسوب ہے ؟
(1) محمود الحسن
(2) ذاکر حسین خاں
(3) الیاس احمد مجیبی
(4) عبدالواحد سندھی

114. "تجاویز" کی واحد ہے
(1) تجویزوں
(2) تجاوز
(3) تجویز
(4) تجویزیں

ہدایات :۔ دیئے گئے شعری اقتباس کو پڑھیئے اور دیئے گئے متبادل (سوال نمبر 115 سے 120) میں سے کسی ایک صحیح متبادل کا انتخاب کیجئے۔

اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا — رنج ، راحت فزا نہیں ہوتا
ذکر اغیار سے ہوا معلوم — حرف ناصح برا نہیں ہوتا
تم ہمارے کسی طرح نہ ہوئے — ورنہ دُنیا میں کیا نہیں ہوتا ؟
تم مرے پاس ہوتے ہو گویا — جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا
حال دل یار کو لکھوں کیوں کر ؟ — ہاتھ دل سے جدا نہیں ہوتا
چارۂ دل سوائے صبر نہیں — سو ، تمہارے سوا نہیں ہوتا
کیوں سنے عرض مضطرب اے مومن — صنم آخر ، خدا نہیں ہوتا

115. "اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا" سے شاعر کا اشارہ کس کی طرف ہے ؟
(1) رقیب کی طرف
(2) معشوق کی طرف
(3) دشمن کی طرف
(4) دوست کی طرف

116. یار کو حالِ دل لکھنے میں کیا مشکل پیش آرہی ہے ؟
(1) ہاتھ میں چوٹ لگی ہوئی ہے
(2) ہاتھ بُری طرح زخمی ہے
(3) ہاتھ دل سے جُدا نہیں ہوتا
(4) ہاتھ میں درد ہے

117. شاعر کے پاس اس کا محبوب کس وقت ہوتا ہے ؟

(1) دن میں

(2) جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

(3) محفل میں

(4) رات میں

118. شاعر نے معشوق کی سنگ دلی کی مناسبت سے اسے کیا کہا ہے؟

(1) ظالم

(2) صنم

(3) سنگ دل

(4) بے وفا

119. چارۂ دل کا مطلب ہے

(1) دل لگی

(2) دل کی بے لبی

(3) دل کا علاج

(4) دل جوئی

120. غیر کی جمع ہے

(1) اغیاروں

(2) اغیار

(3) غیریت

(4) ان میں سے کوئی نہیں ہے

امیدوار مندرجہ ذیل حصّے کے سوالوں کے جواب
صرف تب ہی دیں اگر اُنہوں نے
زبان - II
کا اوپشن اُردو چُنا ہو

# حصّہ - V

## زبان - II

## اُردو

ہدایات :- صحیح متبادل کا انتخاب کیجئے۔ (سوال نمبر 121 سے 135 تک)۔

121. اُردو زبان میں مکالمے لکھنا خاص جانچ ہے۔

(1) صحیح گرامر کا استعمال

(2) گفتگو کی مہارتیں

(3) تخلیقی

(4) لکھنے کی مہارت

122. جو پڑھایا گیا وہ یاد نہیں ہے کیونکہ

(1) غیر رسمی بحث میں طلبا زیادہ دلچسپی لیتے ہیں۔

(2) ایک استاد کی سماجی، معاشی سطح طالب علموں کی سطح سے بہت زیادہ مختلف ہے۔

(3) طلبا مختلف صلاحیتوں اور شخصیتوں کے مالک ہوتے ہیں اور مختلف طبقوں سے آتے ہیں۔

(4) ایک استاد یا طالب علم تمام علوم کا ماسٹر نہیں ہو سکتا۔

123. موضوع کا جملہ مرکزی خیال تک پہنچاتا ہے۔ ایک

(1) ایک تقریر میں

(2) ایک پیراگراف میں

(3) ایک مکالمہ میں

(4) ایک مضمون میں

124. تعمیری رویّہ ایک تھیوری ہے جہاں طلبا ---

(1) دنیا کی چیزوں کی سمجھ اور ان کا علم اپنے تجربات کے ذریعے سیکھتے ہیں۔

(2) ٹیچر اپنی تخلیق، تحقیق اور مختلف میڈیا اور اپنے نظریات طالب علموں کو فراہم کراتا ہے۔

(3) پڑھنے کے امدادی ذرائع خود بناتے ہیں جس سے انھیں تجربہ حاصل ہوتا ہے۔

(4) مختلف مثالوں کو پڑھتے ہیں اور ان سے ایک اچھا نتیجہ نکالتے ہیں۔

125. ادارہ جو تکنیکی ترسیل کے ذریعے تعلیمی وسائل کو یقینی بناتا ہے۔

(1) انٹرانیٹ INTRANET

(2) ڈی لینٹ DELNET

(3) ای رینٹ ERNET

(4) انٹرنیٹ INTERNET

126. فی الواقع حقیقت (Virtual Reality) کیا ہے۔

(1) ویڈیو کانفرنسنگ

(2) کمپیوٹر استعمال کرنے والا ایک جدید بصری آلہ

(3) ویڈیو ڈسک

(4) ٹیلی کانفرنسنگ۔

127. دو متضاد لفظوں کا مرکب لفظ ہے

(1) شمع انجمن

(2) دیکھ بھال

(3) ہار جیت

(4) راج پاٹ

128. ذیل میں کون سا جملہ ضمیر غائب سے متعلق ہے۔

(1) میں جاتا ہوں

(2) حمید اچھا ہے

(3) وہ آیا تھا

(4) آپ کب آئے

129. زبان کی تحصیل

(1) گرامر کو سمجھنے کے ساتھ نئے الفاظ کو یاد کرنا اور ان کا تجزیہ کرنا شامل ہے۔

(2) انسان کے دماغ کی ذاتی صلاحیت کی وجہ سے قومی اور دوسری زبان کو سمجھنے کا عمل۔

(3) ایک تکنیک ہے جو بچوں کے لئے قومی زبان سیکھنے کا ماحول پیدا کرتی ہے۔

(4) یاد کرنا اور ضروری الفاظ کے ذخیرے کا استعمال شامل ہے۔

130. قومی درسیات کے خاکے 2005 (این۔سی۔ایف 2005) کے مطابق ـــــ تدریس کا مقصد ـــــ خواندگی کے ذریعے تجربی خیالات اور علم کی فراہمی

(1) مادری زبان

(2) تیسری زبان

(3) کلاسیکل زبانیں

(4) ثانوی زبان

131. 'آنکھوں سے خون برسنا' محاورہ کے معنی ہیں۔

(1) آنکھوں سے آنسو نکلنا

(2) آنکھیں کھلی ہونا

(3) غصّے میں آنکھیں لال ہونا

(4) آنکھوں میں نیند آنا

132. موضوع مرکوز رویہ جہاں آموزشی تجربے فراہم ہوتے ہیں ۔

(1) استاد کی اپنے موضوع پر مہارت

(2) موضوعی مواد

(3) تعلیمی تکنیک

(4) طلبا اور ان کی دلچسپیاں

133. جانچ کا طریقۂ کار کیا ہے ۔

(1) سوال کے لحاظ سے نمبروں کی تقسیم

(2) طلبا کی صلاحیتوں کا عام تاثر

(3) نمبر حاصل کرنے والی کنجی

(4) جانچ کے اصول

134. طالب علموں کے لئے میڈیا متبادل تجربہ فراہم کرتا ہے ۔

(1) کیس اسٹیڈی کا

(2) بورڈ پر فلم کے ٹکڑے دکھانے کا

(3) فیلڈ ٹرپ اور مشاہدے کا

(4) اصلی اشیا اور نمونوں کا

135. مطالعے کے دوران مہارتوں کا یکجا ہونا

(1) نوٹس بنانا

(2) تلخیص کرنا

(3) تفہیم

(4) نوٹس لینا

ہدایات :۔ درج ذیل اقتباس کو پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں (سوال نمبر 136 سے 141 ) کے جواب کے لئے صحیح متبادل کا انتخاب کیجئے ۔

" ہماری بڑھتی ہوئی آبادی کے لئے پانی کی فراہمی ایک مشکل مسئلہ ہے ۔ جنگلوں کے کٹ جانے اور موسموں میں تبدیلی کی وجہ سے بارش کم ہو رہی ہے ۔ زیر زمین پانی بورویل کی پاس پاس کھدائی سے خشک ہو رہا ہے ۔ غذا یعنی اناج ، دودھ ، ترکاریاں ، پھل ، گوشت ، انڈے اتنی تعداد میں فراہم کریں کہ وہ ہماری مانگ کا مقابلہ کر سکیں ، ہندوستان اب صرف زرعی ملک نہیں رہا بلکہ صنعتی ترقی کی راہ پر گامزن ہے ۔ نئے نئے کارخانے شہری آبادی کے قریب کھل رہے ہیں ۔ ان کارخانوں کی چمنیاں دھواں اگلتی ہیں ۔ انسانوں کو سانس لینے کے لے جو تازہ اور صاف ہوا چاہئے وہ کم یاب ہوتی جا رہی ہے ۔

اب ضرورت اس بات کی ہے کہ ہر ایک کو اس خطرے سے آگاہ کریں سب سے پہلا قدم تو ہمارا یہ ہونا چاہیے کہ لوگ شہر محلے اور گھر کو صاف رکھنے کی طرف مائل ہوں بستیوں کے قریب کارخانوں کو قایم نہ ہونے دیں ۔ یا اگر قایم ہوں تو ان کے اخراج شدہ ناکارہ سیال مادے کو پانی میں ملنے نہ دیا جائے ۔ گاڑیوں سے جو دھواں نکلتا ہے اس پر روک لگائی جائے ۔ اسپتالوں میں صفائی کا خاص انتظام ہو ۔ دوسرا سب سے اہم کام شجر کاری ہے ۔ بڑھتی ہوئی آبادی کی وجہ سے کئی کئی منزلہ عمارتیں بنتی جا رہی ہیں ۔ ان عمارتوں کے قریب پارک لگائے جائیں ۔ جنگل سے جو پیڑ کاٹے اور اگائے جاتے ہیں ان کی تعداد میں توازن برقرار رہے ۔ جنگلات بارش کو زیادہ مائل کرتے ہیں ۔ شجر کاری کا ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ یہ صحرا کو بڑھنے سے روکتی ہے ۔ اس لئے فضائی کثافت کو دور کرنے کے لئے شہری آبادی میں شجر کاری ہر فرد کو کرنی چاہئے ۔"

136. آبادی کے بڑھنے سے سب سے مشکل مسئلہ کیا کھڑا ہو گیا ہے؟

(1) زندہ رہنے کا
(2) پانی کا
(3) بیماری کا
(4) غذا کا

137. بارش کے کم ہونے کی وجہ ہے ؟

(1) جانوروں کا شکار کرنا
(2) مہنگائی کا بڑھنا
(3) جنگلات کا کٹنا
(4) گرمی کا ہونا

138. زیرِ زمین پانی کے خشک ہونے کی وجہ ہے ؟

(1) بور ویلس کے پاس پاس کھدائی سے
(2) صنعتیں لگانے سے
(3) کارخانوں کے دھوئیں سے
(4) بڑی بڑی عمارتوں کو بنوانے سے

139. کہاں پر نئی نئی صنعتیں کھل رہی ہیں ؟

(1) گاؤں کے اندر
(2) جنگلوں میں
(3) گاؤں کے قریب
(4) شہری آبادی کے قریب

140. کارخانوں کے دھوئیں سے کیا نقصان ہو رہا ہے ؟

(1) چاروں طرف دھواں چھا جاتا ہے
(2) تازہ اور صاف ہوا کم ہوتی جا رہی ہے
(3) بیماریاں پھیل رہی ہیں۔
(4) ماحول آلودہ ہو رہا ہے

141. ہوا کو صاف رکھنے کے لئے پہلا قدم کون سا ہونا چاہیئے ؟

(1) سیال مادے کو پانی میں نہ ملنے دیا جائے۔
(2) بستیوں کے قریب کارخانوں کو قائم نہ ہونے دیں۔
(3) کارخانوں کے دھوئیں سے فضا کو بچایا جائے۔
(4) پانی میں کسی آلودگی کو ملنے نہ دیا جائے۔

ھدایات : درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیئے اور اس سے متعلق سوالوں کے دیئے گئے متبادل (سوال نمبر 142 سے 150) جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے۔

" آج کے دور میں قوموں کی ترقی کا راز اس کی تکنیکی ترقی میں پوشیدہ ہے۔ وہی قوم سب سے زیادہ ترقی یافتہ کہلائے گی جس نے سائنس کی دنیا میں مقام پیدا کیا ہو۔

پیدا کرنے والے نے انسانی جسم میں بھی ایک کمپیوٹر رکھا ہے، جس سے روزمرہ زندگی میں کام لیتے ہیں، وہ ہے ہمارا دماغ۔ کمپیوٹر اور دماغ میں خاصی مماثلت پائی جاتی ہے، کمپیوٹر میں سادہ آن آف آلات سے کام لیا جاتا ہے اور دماغ اعصاب کے نظام سے معلومات اخذ کرتا ہے، دماغ میں پرانی یاد لاشعور میں محفوظ رہتی ہے اور تازہ معلومات شعور میں۔ یہی حال کمپیوٹر کا ہے، جہاں پرانی مرادیں محفوظ رہتی ہیں اسے سٹیٹک (Static) اور تازہ معلومات جہاں محفوظ رہتی ہیں اسے ڈائنامک (Dynamic) کہا جاتا ہے۔

ہمارا دماغ وہ "سیف باکس" ہے جس میں ہم اپنی یادوں اور مختلف واقعات و تجربات کو محفوظ رکھتے ہیں۔ کئی پیچیدہ مسائل کو حل کرتے ہیں، لیکن اکثر اوقات ہمیں بہت جلد ہی کوئی حساب کرنا ہوتا ہے تو جو دماغ سے بہ آسانی حل نہیں کیا جاسکتا ایسے وقت میں کمپیوٹر ہماری صحیح رہنمائی کرتا ہے اور صحیح تر نتائج بہم پہنچاتا ہے۔

جب انسان چاہتا ہے کہ کوئی نئی چیز ایجاد کرے تو وہ پہلے اپنی تصوراتی دنیا آباد کرتا ہے۔ آج سے سینکڑوں برس پہلے اڑن کھٹولہ بھی ایک ایسا ہی تصور تھا، پھر وہ وقت بھی آیا کہ اڑن کھٹولہ نے ہوائی جہاز کی شکل اختیار کرلی۔

کمپیوٹر انسان ہی کا بنایا ہوا ایک آلہ ہے۔ جو اب انسان کی ہر مشکل مسئلہ میں اور ہر اُلجھن میں رہنمائی کر رہا ہے، شروع میں اس کا استعمال صرف حسابی مسائل یعنی جمع تفریق وغیرہ تک ہی محدود تھا، لیکن اب اس کے فرائض میں لاتعداد کاموں کا اضافہ ہو چکا ہے۔

142. موجودہ دور میں کون سی قوم ترقی یافتہ کہلائے گی ؟

(1) جس نے سائنس کی دنیا میں مقام پیدا کیا ہو

(2) جس نے علوم میں مقام پیدا کیا ہو

(3) جس نے ادب میں مقام پیدا کیا ہو

(4) جس نے طب میں مقام پیدا کیا ہو

143. روزمرہ زندگی میں کس چیز سے کام لیتے ہیں ؟

(1) دل

(2) عقل

(3) روپیہ

(4) دماغ

144. دماغ معلومات اخذ کرتا ہے

(1) دوسروں سے بات کرنے سے

(2) اپنے شعور سے

(3) اعصاب کے نظام سے

(4) دل کے نظام سے

145. دماغ میں پرانی یاد محفوظ رہتی ہے ؟

(1) شعور میں

(2) لاشعور میں

(3) ذہن میں

(4) حافظے میں

146. کمپیوٹر میں کام لیا جاتا ہے۔

(1) کمپیوٹر میں معلومات ڈالی جاتی ہیں

(2) کمپیوٹر معلومات سے خالی ہوتا ہے

(3) کمپیوٹر معلومات سے بھرا ہوتا ہے

(4) سادہ آن آف آلات سے

147. کمپیوٹر میں تازہ معلومات جہاں محفوظ ہوتی ہیں اسے

(1) سٹیٹک (STATIC)

(2) سیف باکس

(3) میموری

(4) ڈائنامک (DYNAMIC)

148. جلدی سے حساب کرنا ہو تو اس وقت رہنمائی کرتا ہے۔

(1) کتاب

(2) کمپیوٹر

(3) دل

(4) دماغ

149. کمپیوٹر کب رہنمائی کرتا ہے۔

(1) صرف حسابی مسئلے کے حل تک محدود ہے

(2) ہر مشکل مسئلہ اور ہر الجھن میں انسان کی رہنمائی کرتا ہے

(3) صرف لکھنے تک محدود ہے۔

(4) معلومات کے خزانے سے پُر ہے

150. محتاج کا مطلب ہے ؟

(1) کمزور

(2) ضرورت مند

(3) لاغر

(4) غریب

# SPACE FOR ROUGH WORK

# SPACE FOR ROUGH WORK

نیچے لکھی ہدایات کو غور سے پڑھیئے:

1. ہر سوال کے جواب میں دیئے گئے چار متبادلوں میں سے درست جواب کے دائرے کو نیلے/کالے بال پوائنٹ پین سے OMR جوابی شیٹ کی دوسری جانب پوری طرح گہرا کر کے بھر دیں۔ جواب پر ایک بار نشان لگانے کے بعد اُسے تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔

2. امیدوار کو اچھی طرح دیکھ لینا چاہیئے کہ جوابی شیٹ موڑی نہ گئی ہو۔ جوابی شیٹ پر کسی قسم کا کوئی نشان نہ چھوڑیں۔ جوابی شیٹ میں نشان زد کی جگہ کے علاوہ اپنا رول نمبر کہیں دوسری جگہ نہ لکھیں۔

3. سوالنامے اور جوابی شیٹ کو احتیاط سے استعمال کریں، دوسری جوابی شیٹ کسی بھی حال میں (سوائے، سوالنامہ کوڈ یا نمبر اور جوابی شیٹ کے کوڈ یا نمبر کے فرق کے) نہیں دی جائے گی۔

4. امیدوار حاضری کے کاغذ پر، جوابی شیٹ/سوالنامے میں دیئے گئے کوڈ کو بالکل درست اور اسی طرح لکھیں جس طرح وہ سوالنامے میں لکھا گیا ہے۔

5. امیدوار کو اپنے داخلہ کارڈ کے علاوہ کسی بھی قسم کا درسی مواد، چھپا ہوا یا لکھا ہوا کاغذ کا ٹکڑا، موبائل فون، پیجر، الیکٹرونک آلات امتحان ہال میں لانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

6. امیدوار کو نگراں کے مانگے جانے پر اپنا داخلہ کارڈ دکھانا ہوگا۔

7. سپرنٹنڈنٹ یا نگراں کی اجازت کے بغیر کوئی امیدوار اپنی جگہ نہیں چھوڑے گا۔

8. امیدوار جوابی شیٹ ہال میں موجود نگراں کے سپرد کئے بغیر یا حاضری پر دوبارہ دستخط کئے بغیر کرے/ہال سے باہر نہیں نکلیں گے۔ اگر امیدوار حاضری کے کاغذ پر دوبارہ دستخط نہیں کرتا تو اس کا مطلب یہ لیا جائے گا کہ اس نے جوابی شیٹ جمع نہیں کرائی۔ اور اسے غیر قانونی ذرائع کا استعمال سمجھا جائے گا۔

9. الیکٹرونک/ہاتھ کے کیلکولیٹر کا استعمال ممنوع ہے۔

10. امیدوار کمرۂ امتحان میں، بورڈ کے اصول و ضوابط کے پابند ہوں گے۔ غیر قانونی ذرائع کے استعمال کے تمام معاملات سے بورڈ کے اصول و ضوابط کے تحت ہی نپٹا جائے گا۔

11. سوالنامے یا جوابی شیٹ کا کوئی حصہ کسی بھی وجہ سے سوالنامے/جوابی شیٹ سے الگ نہیں کیا جائے گا۔

12. امتحان ختم ہونے پر امیدواروں کو جوابی شیٹ ڈیوٹی پر موجود نگراں کے سپرد کرنی ہوگی۔ امیدوار کو سوال نامہ اپنے ساتھ لے جانے کی اجازت ہوگی۔

**READ CAREFULLY THE FOLLOWING INSTRUCTIONS :**

1. Out of the four alternatives for each question, only one circle for the correct answer is to be darkened completely with Blue/Black Ball Point Pen on Side-2 of the OMR Answer Sheet. The answer once marked is not liable to be changed.
2. The candidates should ensure that the Answer Sheet is not folded. Do not make any stray marks on the Answer Sheet. Do not write your Roll No. anywhere else except in the specified space in the Answer Sheet.
3. Handle the Test Booklet and Answer Sheet with care, as under no circumstances (except for discrepancy in Test Booklet Code or Number and Answer Sheet Code or Number), another set will be provided.
4. The candidates will write the correct Test Booklet Code and Number as given in the Test Booklet / Answer Sheet in the Attendance Sheet.
5. Candidates are not allowed to carry any textual material, printed or written, bits of papers, pager, mobile phone, electronic device or any other material except the Admit Card inside the examination hall/room.
6. Each candidate must show on demand his / her Admission Card to the Invigilator.
7. No candidate, without special permission of the Superintendent or Invigilator, should leave his / her seat.
8. The candidates should not leave the Examination Hall without handing over their Answer Sheet to the Invigilator on duty and sign the Attendance Sheet twice. Cases where a candidate has not signed the Attendance Sheet a second time will be deemed not to have handed over the Answer Sheet and dealt with as an unfair means case.
9. Use of Electronic / Manual Calculator is prohibited.
10. The candidates are governed by all Rules and Regulations of the Board with regard to their conduct in the Examination Hall. All cases of unfair means will be dealt with as per Rules and Regulations of the Board.
11. No part of the Test Booklet and Answer Sheet shall be detached under any circumstances.
12. **On completion of the test, the candidate must hand over the Answer Sheet to the Invigilator in the Room / Hall. *The candidates are allowed to take away this Test Booklet with them.***

**निम्नलिखित निर्देश ध्यान से पढ़ें :**

1. प्रत्येक प्रश्न के लिए दिए गए चार विकल्पों में से सही उत्तर के लिए OMR उत्तर पत्र के पृष्ठ-2 पर केवल एक वृत्त को ही पूरी तरह नीले/काले बॉल पॉइन्ट पेन से भरें । एक बार उत्तर अंकित करने के बाद उसे बदला नहीं जा सकता है ।
2. परीक्षार्थी सुनिश्चित करें कि इस उत्तर पत्र को मोड़ा न जाए एवं उस पर कोई अन्य निशान न लगाएँ । परीक्षार्थी अपना अनुक्रमांक उत्तर पत्र में निर्धारित स्थान के अतिरिक्त अन्यत्र न लिखें ।
3. परीक्षा पुस्तिका एवं उत्तर पत्र का ध्यानपूर्वक प्रयोग करें, क्योंकि किसी भी परिस्थिति में (केवल परीक्षा पुस्तिका एवं उत्तर पत्र के संकेत या संख्या में भिन्नता की स्थिति को छोड़कर) दूसरी परीक्षा पुस्तिका उपलब्ध नहीं करायी जाएगी ।
4. परीक्षा पुस्तिका / उत्तर पत्र में दिए गए परीक्षा पुस्तिका संकेत व संख्या को परीक्षार्थी सही तरीके से हाज़िरी-पत्र में लिखें ।
5. परीक्षार्थी द्वारा परीक्षा हॉल/कक्ष में प्रवेश कार्ड के सिवाय किसी प्रकार की पाठ्य सामग्री, मुद्रित या हस्तलिखित, काग़ज़ की पर्चियाँ, पेजर, मोबाइल फोन, इलेक्ट्रॉनिक उपकरण या किसी अन्य प्रकार की सामग्री को ले जाने या उपयोग करने की अनुमति नहीं है ।
6. पूछे जाने पर प्रत्येक परीक्षार्थी, निरीक्षक को अपना प्रवेश-कार्ड दिखाएँ ।
7. अधीक्षक या निरीक्षक की विशेष अनुमति के बिना कोई परीक्षार्थी अपना स्थान न छोड़ें ।
8. कार्यरत निरीक्षक को अपना उत्तर पत्र दिए बिना एवं हाज़िरी-पत्र पर दुबारा हस्ताक्षर किए बिना परीक्षार्थी परीक्षा हॉल नहीं छोड़ेंगे । यदि किसी परीक्षार्थी ने दूसरी बार हाज़िरी-पत्र पर हस्ताक्षर नहीं किए तो यह माना जाएगा कि उसने उत्तर पत्र नहीं लौटाया है और यह अनुचित साधन का मामला माना जाएगा ।
9. इलेक्ट्रॉनिक / हस्तचालित परिकलक का उपयोग वर्जित है ।
10. परीक्षा-हॉल में आचरण के लिए परीक्षार्थी बोर्ड के सभी नियमों एवं विनियमों द्वारा नियमित हैं । अनुचित साधनों के सभी मामलों का फैसला बोर्ड के नियमों एवं विनियमों के अनुसार होगा ।
11. किसी हालत में परीक्षा पुस्तिका और उत्तर पत्र का कोई भाग अलग न करें ।
12. **परीक्षा सम्पन्न होने पर, परीक्षार्थी कक्ष / हॉल छोड़ने से पूर्व उत्तर पत्र कक्ष-निरीक्षक को अवश्य सौंप दें । *परीक्षार्थी अपने साथ इस परीक्षा पुस्तिका को ले जा सकते हैं ।***

SEAL